رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 YEARS TRUST AND PURITY

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA HYDERABAD
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi•Mumbai•Kolkata
Lucknow•Gorakhpur•Kanpur
Patna•Hyderabad•Bengaluru
HYDERABAD: Monday, 20 May, 2024 Pages: 08 ₹5 Vol:18 Issue : 228
| یعنی مکمل سچ | ○ حب الوطنی ○ فرض شناسی ○ ایثار
حیدرآباد، پیر، 20رمئی 2024ء، مطابق، 11رذی القعدہ 1445ھ

نورامنٹ تیل و کریم
جوڑوں کا درد، کمر درد، چوٹ، موچ، سوجن، وغیرہ میں تیز اثر و کامیاب دوا
امن ورما اداکار
Rahat® HERBAL
امرت سنجیونی
خواتین کی عام کمزوری، بھوک کی کمی، کمر و پیڑو کا درد، خون کی کمی، تھکاوٹ، چکّر آنا، وزن کم ہونا۔
گیس و بدھضمی سے پریشان تو لیجئے
ڈائزک سیرپ
فوراً آرام
گیس و بدہضمی قبض، پیٹ درد، بھوک کی کمی، کھانا نہ پچنا، پیٹ و سینے میں جلن
نینی کا مشہور
نورانی تیل
ایڈوانس فارمولا
ڈھکن پر ٹریڈ مارک دیکھ کر خریدیں ایکو
جوڑوں کا درد، کمر درد، چوٹ، موچ سوجن، وغیرہ میں نہایت تیز اثر و کامیاب دوا
Rahat® HERBAL RAHAT HERBAL INDUSTRIES Roorkee, Haridwar, Uttrakhand Email : care@rahatgroup.com Sales Enquiry - Kamlesh Singh, (Sales Manager) 9935019690 (10 am to 6 pm)

صدر ایران کا ہیلی کاپٹر حادثہ کا شکار!

خراب موسم سے گھنٹوں بعد بھی رابطہ نہیں ہوسکا۔ ابراہیم رئیسی محفوظ

تہران، 19رمئی ۔(ایجنسیز) ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کی جان اس وقت خطرے میں پڑ گئی جب ان کو لے جانے والے ہیلی کاپٹر کو اچانک سے ہارڈ لینڈنگ کی ضرورت پیش آ گئی۔ ہیلی کاپٹر میں تکنیکی خرابی اور موسم کی خرابی کی وجہ سے غیر مناسب جگہ پر ایمرجنسی لینڈنگ کرائی گئی، اس دوران صدر کے قافلے سے رابطہ منقطع ہونے کی بھی خبر وائرل ہوگئی اور یہ بھی خبر وائرل ہوئی کہ صدر رئیسی کے ہیلی کاپٹر کیساتھ مزید دو ہیلی کاپٹر جا رہا تھا، جس کو حادثہ پیش آیا ہے۔ اس دوران یہ بھی خبر گردش کرنے لگی کہ ابراہیم رئیسی کو لے جا رہا طیارہ تباہ ہوگیا ہے اور ابراہیم رئیسی کے حوالے سے کوئی خبر نہیں مل پا رہی ہے۔ مشرقی آذربائیجان کے شمالی علاقے میں دھند کے باعث صدر رئیسی کو لے جانے والا ہیلی کاپٹر ہارڈ لینڈنگ کا شکار ہوا، لینڈنگ کے بعد صدر رئیسی کا قافلہ زمینی راستے سے تبریز کیلئے روانہ ہوگیا۔ حالانکہ جس دوران حادثہ پیش آیا، اس دوران کچھ لوگوں نے آیت اللہ الہاشم سے بات کی، جو رئیسی کے ساتھ ہیلی کاپٹر میں تھے۔ صدر کو لے جانے والے ہیلی کاپٹر کو ورزگان کے علاقے میں 'ہارڈ لینڈنگ' کا حادثہ پیش آیا۔ اس پورے معاملے پر ایران کے وزیر داخلہ وحیدی نے میڈیا اہلکاروں کو بتایا کہ صدر رئیسی کے قافلے کو حادثہ پیش آیا اور موسم کی خرابی اور دھند کی وجہ سے ان کے ہیلی کاپٹر کی ہارڈ لینڈنگ کرائی گئی۔ صدر کا قافلہ زمینی راستے سے تبریز کیلئے نکل چکا ہے البتہ ریسکیو ٹیم ابھی تک جائے حادثے پر نہیں پہنچی ہے، وہاں ابراہیم رئیسی کو لے جانے والا ہیلی کاپٹر موجود ہے، ریسکیو ٹیم کے پہنچنے پر ہی آگے کی کاروائی کی جائے گی، البتہ اس حادثے میں کسی بھی قسم کا کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا ہے۔

بی جے پی، ملک کا ایک اور بٹوارہ ہونے نہیں دے گی، امیت شاہ کا خطاب

جونپور (یوپی) 19رمئی ۔(ایجنسیز) کانگریس پر سخت تنقید میں مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے اتوار کے دن اپوزیشن جماعت پر الزام عائد کیا کہ اس نے دستور کی دفعہ 370 کو ''سنبھال کے رکھا'' جسکی وجہ سے ملک میں دہشت گردی بڑھی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بی جے پی کبھی بھی ملک کا ایک اور بٹوارہ ہونے نہیں دے گی۔ جونپور میں انتخابی ریالی سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ کانگریس اور سماج وادی پارٹی نے 70 سال تک آرٹیکل 370 کو سنبھال کے رکھا جس کی وجہ سے ملک بھر میں دہشت گردی میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو دستور کی دفعہ 370 برخاست کر دیا گیا۔ کانگریس قائدین کہتے ہیں کہ ملک کو دو حصوں جنوبی ہند اور شمالی ہند میں بانٹ دینا چاہئے۔ کانگریس ملک کے ایک مرتبہ بٹوارہ سے مطمئن نہیں ہے۔ وہ ملک کو پھر بانٹنا چاہتی ہے۔ بی جے پی کبھی بھی ایسا ہونے نہیں دے گی۔ سماج وادی پارٹی اور کانگریس سے سوال کرتے ہوئے امیت شاہ نے کہا کہ میں اکھلیش یادو اور راہول گاندھی سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ تمہاری حکومت 10 سال تھی' اتر پردیش کو کیا ملا؟۔

مودی حکومت نے ملک کی معیشت کو تباہ کر دیا

بی جے پی حکومت نے 22 افراد کو ارب پتی بنایا۔ راہول گاندھی کا خطاب

الہ آباد، 19رمئی۔(ایجنسیز) کانگریس لیڈر راہول گاندھی نے وزیراعظم نریندر مودی پر ملک کی معیشت کو ختم کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ملک کے 22 لوگوں کو کروڑ پتی بنایا ہے۔ سماج وادی پارٹی اور کانگریس اتحاد کی مشترکہ طور سے اتوار کو پریاگ راج کے الہ آباد پارلیمانی حلقے کے کرچھنا میں عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مودی نے ملک کے 22 لوگوں کو ارب پتی بنایا ہے۔ انڈیا اتحاد ملک کے ہر غریب گھر سے ایک خاتون کے کھاتے میں ہر مہینے آٹھ ہزار پانچ سو روپئے ڈال کر کروڑ پتی بنانے کا کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج آئین خطرے میں ہیں تو اسے ہر حال میں بچانا ہوگا۔ بی جے پی اور آر ایس ایس اس پر حملہ بول رہا ہے۔ امبیڈکر کا آئین' مہاتما گاندھی کا آئین' جواہر لال نہرو اور ہندوستان کے آئین کو کوئی بھی طاقت کو پار کرنے کی ہمت کسی میں نہیں ہے۔ راہول گاندھی نے کہا کہ ہندوستان کی معاشی نظام کو نریندر مودی نے ختم کر دیا ہے۔ انڈیا اتحاد کی حکومت آپ کے کھاتے میں آٹھ ہزار پانچ سو روپئے ڈالنے کا کام کرے گی۔ اگنی ویر اسکیم کو کوڑے دان میں پھینکنے کا کام کیا جائے گا۔ منریگا میں مزدوروں کو 200 روپئے دہاڑی ملتی ہے اسے بڑھا کر 400 روپئے کریں گے۔ آنگن باری خواتین کو دوگنی اعزازیہ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کے لئے گنا' کپاس' آلو وغیرہ پر کسانوں کو پہلی بار کم ازکم سہارا قیمت اور قرض معاف کرنے کا کام کریں گے۔ بے روزگار گریجویٹ کے بینک کھاتے میں سال کے ایک لاکھ روپئے کیساتھ روزگار کیلئے لوگوں کو اہل بنانے کے لئے ٹریننگ بھی دی جائیگی۔ کانگریس اور سماج وادی پارٹی کی پارٹنرشپ ہے اور یہاں کے امیدوار کو پانچ لاکھ سے زیادہ ووٹ سے جتانے کی اپیل کی۔ اس موقع پر اکھلیش نے بھی اپنے خطاب میں اس الیکشن کو جمہوریت بچانے کا الیکشن قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف وہ لوگ ہیں جو آئین کو ختم کرنا چاہتے ہیں اور دوسری طرف آئین کو بچانے والا انڈیا اتحاد ہے۔

مختصر خبریں

شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی طبیعت ناساز

ریاض، 19رمئی۔(ایجنسیز) سعودی فرماں رواں شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی طبیعت ناساز ہے اور ان کا آج جدہ کے اسپتال میں طبی معائنہ کرایا جائے گا۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی طبیعت ناساز ہے اور ان کا جدہ کے اسپتال قصر السلام میں طبی معائنہ اور ضروری ٹیسٹ کیے جائیں گے۔ سعودی ایوان شاہی نے کہا شاہ سلمان کو بخار اور جوڑوں میں درد کی شکایت ہے اور اسی بنا پر ان کی طبی ٹیم اپنا مزید اطمینان حاصل کرنے کے لیے معائنہ اور کچھ ٹیسٹ کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل گزشتہ ماہ خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کو گزشتہ روز معمول کے طبی معائنے کے لیے جدہ کے کنگ فیصل اسپیشلسٹ اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔ شاہ سلمان کو چند گھنٹے اسپتال میں رکھا گیا۔

24رمئی سے عمرہ پرمٹ کا اجرا بند: وزارت حج

ریاض، 19رمئی۔(ایجنسیز) سعودی وزارت حج وعمرہ کا کہنا ہے' 16 ذوالقعدہ بمطابق جمعہ 24 مئی 2024 سے عمرہ پرمٹ کا اجرا بند کیا جائے گا جس کا سلسلہ 20 ذوالحجہ تک جاری رہے گا۔ وزارت کا کہنا ہے 'صرف حج پرمٹ رکھنے والوں کو ہی مکہ جانے کی اجازت ہوگی'۔ وزارت حج وعمرہ کی جانب سے حج سیزن کے حوالے سے عازمین کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کیلئے اندرون مملکت سے مکہ مکرمہ آنے والوں کے لیے پرمٹ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ پرمٹ کے بغیر صرف وہ غیر ملکی ان دنوں مکہ مکرمہ جاسکتے ہیں جن کا اقامہ مکہ مکرمہ شہر سے جاری کیا گیا ہے۔ بغیر پرمٹ کے جو بھی مشاعر مقدسہ، مکہ مکرمہ، حرمین ریلوے اسٹیشن، مکہ کے دیگر علاقوں یا حج کے مقامات پر موجود ہوگا اس پر 10 ہزار ریال جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

پرجول کیخلاف گرفتاری کا وارنٹ جاری

بنگلورو، 19رمئی۔(ایجنسیز) کرناٹک کی ہاسن سیٹ سے رکن پارلیمنٹ اور بی جے پی کی انتخابی اتحادی جے ڈی ایس کے معطل امیدوار پرجول ریونا ان دنوں خبروں میں ہیں۔ اس کے خلاف گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا گیا ہے۔ گزشتہ ماہ پرجول ریونا پر جنسی طور پر ہراساں کرنے، سیکڑوں ویڈیوز ریکارڈ کرنے، دھمکیاں دینے اور سازش کرنے کا الزام لگایا گیا تھا۔ ریونا سے متعلق کئی وائرل ویڈیوز سامنے آنے کے بعد یہ معاملہ زور پکڑ گیا۔ جنتا دل (سیکولر) کے معطل لیڈر پرجول ریونا کے خلاف گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا گیا ہے۔

فوربس کی '30 انڈر 30 ایشیا فہرست' جاری

نئی دہلی، 19رمئی۔(ایجنسیز) امریکی بزنس میگزین فوربس کی رواں برس کی '30 انڈر 30 ایشیا' کی فہرست میں ہندوستان 86 نوجوان شخصیات کیساتھ سب سے آگے ہے، جبکہ چین اور جاپان 32، سنگاپور 27، آسٹریلیا 26، اور انڈونیشیا کے 18 نوجوانوں شامل ہیں۔ دوسری جانب پاکستان کے 7 باصلاحیت نوجوان بھی شامل ہیں۔ فوربس کی سالانہ 30 انڈر 30 کی ایشیا کی فہرست نے بھی ثابت کر دی ہے جس میں مجموعی طور نامزد 300 افراد میں 7 پاکستانی بھی شامل ہیں۔ فہرست میں ایشیا پیسفک کے پورے خطے میں 21 ممالک اور علاقوں کے 30 سال سے کم عمر 300 غیر معمولی افراد کو نمایاں کیا گیا ہے۔

یہ الیکشن ملک کی تقدیر کا فیصلہ کریگا: سچن پائلٹ

فتح آباد، 19رمئی۔ (ایجنسیز) راجستھان کے سابق نائب وزیر اعلیٰ سچن پائلٹ نے اتوار کو کہا کہ یہ لوک سبھا الیکشن ملک کی تقدیر کا فیصلہ کرنے والا فیصلہ کن انتخاب ہے۔ مسٹر پائلٹ سرسا پارلیمانی حلقہ سے کانگریس امیدوار کماری سیلجا کی حمایت میں انتخابی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مرکز میں 10 سال سے بیٹھی بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی حکومت ہر محاذ پر ناکام ثابت ہوئی ہے اور مہنگائی اور بے روزگاری کو دور کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ کی حکومت نے گاؤں والوں کو 100 دن کے روزگار کی ضمانت دینے کے لیے منریگا قانون بنایا تھا۔ اب بھی منشور میں یہ طے کیا گیا ہے کہ پورے ملک میں منریگا کے تحت 400 روپے اجرت کے طور پر دیے جائیں گے۔ کسانوں کو کم ازکم امدادی قیمت (ایم ایس پی) کی ضمانت دی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی حکومت نے چند سرمایہ داروں کا 16 لاکھ کروڑ روپے کا قرض معاف کر دیا لیکن کسانوں کے قرضے معاف کرنے کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ سال 2014 میں جس گیس سلنڈر کی قیمت 400 روپے تھی جو اب 1100 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔

کانگریس کی ضمانت ہر شخص کی معاشی وسماجی تحفظ کی ڈھال: کھرگے

نئی دہلی، 19رمئی۔ (ایجنسیز) کانگریس کے صدر ملیکارجن کھرگے نے کہا ہے کہ کانگریس نے اپنے منشور میں جو پانچ انصاف اور 25 ضمانت ملک کے شہریوں کو دینے کی بات کی ہے' اس میں سب کے لیے سماجی اور اقتصادی تحفظ کی مضبوط ڈھال ہے۔ کھرگے نے آج ایک بیان میں کہا کہ کانگریس کا 5 انصاف اور 25 ضمانتوں کا ایجنڈا ہندوستان کے ہر شہری کو اقتصادی اور سماجی تحفظ کی مضبوط ڈھال فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا' کانگریس نے وعدہ کیا ہے کہ آنے والی حکومت 30 لاکھ سرکاری جائیدادوں بھر کر نہ صرف نوجوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنائے گی بلکہ ایک دہائی سے زیر التواء ایس سی' ایس ٹی' او بی سی' ای ڈبلیو ایس کے ریزرو عہدوں کو بھی پُر کرے گی اور نوجوانوں کی حب الوطنی پر سوال اٹھانے والی اگنی ویر یوجنا کو بھی بند کرے گی۔ کھرگے نے کہا' مہالکشمی گارنٹی کے تحت غریب خواتین کے کھاتوں میں 8500 روپے ماہانہ براہ راست منتقل کیے جائیں گے تاکہ وہ بڑھتی ہوئی مہنگائی سے لڑ سکیں اور کچھ رقم بچا کر مالی طور پر خود کفیل بن سکیں۔ اب 25 لاکھ روپے کا مفت علاج کسی بھی عورت کو اپنے زیورات گروی رکھنے پر مجبور نہیں کرے گا۔ کسانوں کی آمدنی بڑھانے کے لیے' ایم ایس پی کی قانونی ضمانت' ان پٹ پر جی ایس ٹی کو ہٹانا اور مستحکم درآمدی برآمدی پالیسی ایک دوررس قدم ثابت ہوگا۔

5 ویں مرحلہ کے تحت 49 حلقوں میں آج ووٹنگ

تمام تیاریاں مکمل، راہول گاندھی۔ اسمرتی ایرانی، راجناتھ سنگھ اہم امیدواروں میں شامل

نئی دہلی، 19رمئی۔(ایجنسیز) لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں پیر کو آٹھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 49 پارلیمانی نشستوں اور اڈیسہ اسمبلی کے دوسرے مرحلے کے لئے 35 نشستوں پر ووٹنگ کے ہموار انعقاد کیلئے لیے ضروری تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ووٹنگ صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک ہوگی اور کچھ پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹنگ ختم ہونے کے مقررہ وقت میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ اس مرحلے میں 49 لوک سبھا سیٹوں پر 695 امیدواروں اور اڈیشہ اسمبلی کے دوسرے مرحلے کے لیے 35 سیٹوں پر لڑنے والے 265 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ اڈیشہ اسمبلی کی 147 سیٹوں میں سے 28 سیٹوں پر پہلے مرحلے میں 13 مئی کو ووٹنگ ہوئی تھی۔ الیکشن کمیشن نے ووٹرز کی شرکت بڑھانے کے لیے ووٹر آگاہی پروگرام منعقد کیے ہیں۔ نیز چیف الیکشن افسران اور ضلعی الیکشن افسران کو سخت گرمی اور لو جیسی صورتحال کے پیش نظر مناسب انتظام کے لیے خاطر خواہ اقدامات کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ الیکشن ورکرز کو مشینوں اور میٹریل کے ساتھ ان کے متعلقہ پولنگ اسٹیشنوں پر روانہ کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ووٹنگ کو آرام دہ اور محفوظ ماحول میں یقینی بنانے کی ہدایات بھی دی گئی ہیں۔ پولنگ اسٹیشن پر مناسب سایہ، پینے کا پانی، ریمپ، بیت الخلا اور دیگر بنیادی سہولیات ہونی چاہئیں۔ کمیشن نے ووٹرز پر زور دیا ہے کہ وہ بڑی تعداد میں پولنگ اسٹیشنوں پر آئیں اور ذمہ داری اور فخر کیساتھ ووٹ دیں۔ آٹھ ریاستوں/مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے کل 49 لوک سبھا حلقوں میں 8.95 کروڑ ووٹر 94732 پولنگ مراکز پر اپنا ووٹ ڈال کر 695 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کر سکیں گے۔ ان میں 4.69 کروڑ مرد، 4.26 کروڑ خواتین اور 5409 ٹرانس جینڈر ووٹر شامل ہیں۔ اس مرحلے کی 49 پارلیمانی نشستوں میں سے 39 جنرل زمرہ، تین درج فہرست قبائل اور سات درج فہرست ذات کی نشستیں ہیں۔

نئے فوجداری قوانین کیخلاف درخواست پر آج سماعت

نئی دہلی، 19رمئی۔(ایجنسیز) سپریم کورٹ پیر کو ایک درخواست پر سماعت کرے گی جس میں تین نئے قوانین کے نفاذ کو چیلنج کیا گیا ہے جو ہندوستان کے تعزیری ضوابط کی جگہ لیں گے۔ اس درخواست میں ادعا کیا گیا کہ ان قوانین میں کئی نقائص ہیں۔ ووکیشن بنچ امکان ہے کہ اس معاملہ پر سماعت کرے گی۔ لوک سبھا نے گزشتہ سال 21 دسمبر کو یہ تین قوانین بھارتیہ نیائے (دوم) سنہتا بھارتیہ ناگرک سرکشا (دوم) سنہتا بھارتیہ ساکشا (دوم) بل منظور کیا تھا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 25 دسمبر کو ان بلوں کو منظوری دی۔ تین نئے قوانین پر عمل آوری کو روکنے کی درخواست کرتے ہوئے ایڈووکیٹ وشال تیواری نے مفاد عامہ کی درخواست داخل کی جس میں کہا گیا کہ پارلیمانی مباحث کے بغیر یہ بل منظور کئے گئے ہیں کیونکہ بیشتر اپوزیشن ارکان معطل تھے۔ درخواست میں عدالت سے یہ ہدایت دینے کی خواہش کی گئی کہ ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو ان تین فوجداری قوانین کی قابل عمل حیثیت پر جائزہ لے گی۔

کجریوال کے بنگلہ سے سی سی ٹی وی ڈی وی آر ضبط

نئی دہلی، 19رمئی۔ (ایجنسیز) عام آدمی پارٹی رکن راجیہ سبھا سواتی ملیوال پر مبینہ حملہ کی تحقیقات کے سلسلہ میں دہلی پولیس کی ایک ٹیم اتوار کے دن نئی دہلی میں چیف منسٹر اروند کجریوال کے سرکاری بنگلہ پر پہنچی۔ پولیس ٹیم نے الکٹرانک آلات بشمول سی سی ٹی وی ڈی وی آر (ڈیجیٹل ویڈیو ریکارڈر) اکٹھا کر لئے تاکہ 13 مئی کو سواتی پر حملہ کا فوٹیج مل سکے۔ کجریوال کے پی اے بھو کمار پر الزام ہے کہ اس نے چیف منسٹر کے بنگلہ میں سواتی پر حملہ کیا۔ سواتی ملیوال کا الزام ہے کہ چیف منسٹر کے بنگلہ کے سی سی ٹی وی فوٹیج میں الٹ پھیر کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش بھو کمار نے ٹالنے والے جوابات دیئے۔ اسی دوران عام آدمی پارٹی نے دہلی پولیس پر الزام عائد کیا کہ وہ الیکشن سے قبل پارٹی کی امیج خراب کرنے کہانیاں گھڑ رہی ہے۔

کجریوال کے پی ایس بھو کمار 5 دن کے پولیس تحویل میں

نئی دہلی، 19رمئی۔ (ایجنسیز) دہلی کی ایک عدالت نے چیف منسٹر اروند کجریوال کے مددگار وبھو کمار کو سواتی مالیوال حملہ کیس میں 5 دن کی پولیس تحویل میں دے دیا جہاں ان سے پوچھ تاچھ ہوگی۔ میٹروپولیٹن مجسٹریٹ گورو گوئل نے دہلی پولیس کی درخواست پر سماعت کی جس کی نمائندگی ایڈیشنل پبلک پراسیکیوٹر اتل سریواستو نے کی۔ پولیس نے سات دن کی تحویل طلب کی تھی۔ پرسنل اسسٹنٹ وبھو کمار نے 13 مئی کو چیف منسٹر کی رہائش گاہ پر عام آدمی رکن پارلیمنٹ سواتی مالیوال پر حملہ کیا۔ عدالت نے اتوار کی اولین ساعتوں میں 12:45 پر حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اس کیس میں پولیس تحویل کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ اسی لیے تحقیقاتی آفیسر کی درخواست کو جزوی منظوری دی جا رہی ہے۔ کمار کی اس درخواست کی بھی منظوری دی گئی کہ انہیں درکار دوائیں فراہم کی جائیں۔ مقدمہ کی کاروائی ہفتہ کی رات تقریباً 9:15 بجے شروع ہوئی اس کے دوران سریواستو نے ابتدائی دلائل پیش کئے۔ وبھو کمار کے وکیل راجیو موہن نے ادعا کیا کہ سواتی مالیوال نے دباؤ میں دیر سے ایف آئی آر درج کرائی۔

کنہیا کمار، ببر شیر ہے: کانگریس

نئی دہلی، 19رمئی۔ (ایجنسیز) کانگریس نے بی جے پی پر تنقید کی کہ وہ تشدد پر اتر آئی ہے اور اس نے اس کے شمال مشرقی دہلی کے امیدوار کنہیا کمار پر حملہ کیا۔ کانگریس نے کہا کہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ بھگوا جماعت میں ہر کوئی لوک سبھا الیکشن میں تاریخی شکست کے خوف سے مایوس ہے۔ کانگریس جنرل سکریٹری جئے رام رمیش نے ایکس پر پوسٹ میں کہا کہ شکست کے خوف سے شمال مشرقی دہلی کا بی جے پی رکن پارلیمنٹ اب غنڈہ گردی پر اتر آیا ہے۔ یاد رہے کہ کانگریس پارٹی گاندھیائی ہے' گوڈسے وادی نہیں۔ ہماری شناخت ان سے نہیں جو ڈرتے ہیں بلکہ ان سے ہے جو انصاف کے لئے لڑتے ہیں۔ عام رکن پارلیمنٹ تا وزیراعظم' شمال تا جنوب' بی جے پی نروس ہے۔ 4 جون کو اس کا صفایا ہونے والا ہے۔ جئے رام رمیش نے ہیش ٹیاگ ڈرو مت لگایا۔ جمعہ کے دن کنہیا کمار پر بعض لوگوں نے مبینہ حملہ کیا تھا۔ کنہیا کمار پر سیاہی پھینکی گئی تھی۔ یہ واقعہ نیو عثمان پورہ علاقہ میں عام آدمی پارٹی کے دفتر کے باہر پیش آیا۔ کنہیا کمار اُس وقت مقامی کونسلر چھایا شرما کے ساتھ پارٹی میٹنگ کے بعد باہر آ رہے تھے۔

امریکہ، سعودی عرب کو ایٹمی اسلحہ بنانے سے روکے گا بدلے میں سعودی عرب کو ناٹو کی طرح سیکورٹی گارنٹی دے گا

ریاض، 19رمئی ۔(ایجنسیز) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے اتوار کو امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر (این ایس اے) جیک سلیوان سے ملاقات کی۔ اس دوران دونوں ممالک کے درمیان سیکورٹی معاہدے اور سول نیوکلیئر معاہدے پر بات چیت ہوئی، خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق معاہدہ کے تحت امریکہ سعودی عرب کو سیکورٹی اور جوہری امداد فراہم کرے گا۔ دراصل گزشتہ سال امریکہ نے اسرائیل اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی تعلقات شروع کرنے کیلئے بیک ڈور مذاکرات کیے تھے، اس دوران اس نے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے بدلے میں سعودی عرب کو ناٹو سطح کی سیکورٹی فراہم کرنے کی پیشکش کی تھی۔ رواں برس مئی کے آغاز میں ایک رپورٹ سامنے آئی تھی، جس میں کہا گیا تھا کہ امریکہ اور سعودی عرب سیکورٹی اور جوہری امداد کے معاہدوں پر دستخط کرنے کے بہت قریب ہیں۔

بی جے پی دفتر کی طرف مارچ نکالنے کی کوشش ناکام

نئی دہلی، 19رمئی۔ (ایجنسیز) عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے قومی کنوینر اور دہلی کے چیف منسٹر اروند کجریوال نے کہا کہ ان کی پارٹی 'وزیراعظم نریندر مودی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے اس لیے وہ اے اے پی کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ کجریوال نے پارٹی کے سینکڑوں کارکنوں کے ساتھ اتوار کو بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ہیڈکوارٹر تک مارچ نکالنے کی کوشش کی لیکن پولیس کے سخت حفاظتی انتظامات کی وجہ سے وہ اے اے پی ہیڈکوارٹر سے آگے نہیں بڑھ سکے۔ انہوں نے مارچ نکالنے سے پہلے پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نریندر مودی اور بی جے پی نے عام آدمی پارٹی کو کچلنے کے لئے ''آپریشن جھاڑو'' شروع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی پارٹی بہت تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ ہمارے کام کا ملک بھر میں چرچہ ہو رہا ہے۔ اے اے پی مستقبل میں بی جے پی کو چیلنج کرے گی اس لیے یہ ہم لوگوں کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی پارٹی صرف ایک پارٹی نہیں ہے بلکہ ایک نظریہ ہے۔ ہم نے دہلی اور پنجاب میں ایسا کام کیا ہے جو 75 برس میں نہیں ہوا تھا۔ ہم نے عام آدمی کے خواب پورے کیے ہیں۔ سرکاری اسکول اور ہسپتالوں کو بہتر بنا دیا۔

ترنمول کانگریس، کانگریس اور بایاں محاذ کے گناہ مساوی

کرپشن کرنے والوں کی جائیدادیں فروخت ہوں گی اور ساری زندگی جیل میں رہیں گے: مودی

بشنوپور رجمشید پور، 19رمئی۔(ایجنسیز) وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو مغربی بنگال کے بشنوپور اور پرولیا میں عوامی جلسوں کو خطاب کیا۔ وزیراعظم نے اس سے پہلے بشنوپور میں ایک روڈ شو کیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ایم سی ہو، کانگریس ہو یا بایاں محاذ، یہ تینوں پارٹیاں الگ الگ نظر آتی ہیں، لیکن ان کے پاپ ایک جیسے ہیں۔ اسی لیے انہوں نے مل کر 'انڈی اتحاد' بنایا ہے، وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ انھوں نے (ٹی ایم سی، کانگریس اور بایاں محاذ نے ہمیشہ غریبوں، مزدوروں، ایس سی-ایس ٹی اور خواتین کیلئے نعرے دیئے۔ انہوں نے جہاں بھی حکومت کی، ان ریاستوں کو غریب بنا کر چھوڑ دیا، مغربی بنگال اس کی تازہ ترین مثال ہے۔ کبھی دوسری ریاستوں کے لوگ روزگار کیلئے بنگال آتے تھے، آج وہ کام کیلئے بنکورہ سے پورے بنگال میں نقل مکانی کر رہے ہیں۔ ٹی ایم سی، کانگریس اور بایاں محاذ کا ماڈل ترقی پر مبنی نہیں ہے۔ وہ غلط حکمرانی، بدعنوانی، خوشامد اور خاندانی سیاست (خاندانی) کے ماڈل پر کام کرتے ہیں۔ میں اب کہہ رہا ہوں کہ بدعنوانوں کو جیل سے باہر نہیں رہنے دوں گا۔ مودی آپ کو ایک اور گارنٹی دے رہے ہیں۔ 4 جون کے بعد جب ہم نئی سرکار بنائیں گے، تو کرپٹ لوگوں کو ساری زندگی جیل میں گزارنی پڑے گی۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ بی جے پی کے طوفان نے ٹی ایم سی کی دہشت کے تمام قلعوں کو تباہ کرنا شروع کر دیا ہے، اس لیے بنگال میں ٹی ایم سی کے لوگ زیادہ بے چین ہیں، لوگوں سے بی جے پی کو ووٹ دینے کی اپیل کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 'اب بہت ہو گیا ہے ایک اور حملے کی ضرورت ہے۔ بنگال میں ٹی ایم سی کے دہشت اور بدعنوانی کے قلعے کو دوبارہ گرنے میں زیادہ دیر نہیں لگے گی۔ بنگال کی ممتا بنرجی حکومت پر الزام لگاتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ٹی ایم سی کی خوشامد نے بنگال کی آبادی کو مکمل طور پر تباہ کر دیا ہے۔ ٹی ایم سی ملک کی دوسری ریاستوں کے لوگوں کو باہری کہتی ہے، لیکن وہ غیر قانونی دراندازوں کو اپنا مانتی ہے۔ یہ درانداز بنگال میں آبادی کا توازن بگاڑ رہے ہیں، ہندو بہت سے علاقوں میں اقلیت میں ہوگئے ہیں، وہ دلتوں اور پسماندہ لوگوں کی زمینوں پر قبضہ کر رہے ہیں، ٹی ایم سی دراندازوں کا خیر مقدم کرتی ہے لیکن جو ہندو اقلیتیں تشدد کا نشانہ بن کر یہاں آئی ہیں، ان کی مخالفت کرتی ہے، میں نے وعدہ کیا تھا کہ میں ان پناہ گزین خاندانوں کو شہریت دوں گا، وہ ہم سے توقع کر رہے ہیں، لیکن ٹی ایم سی ان کی مدد اور سی اے اے کی مخالفت کر رہی ہے اور کہہ رہی ہے کہ ہم اسے لاگو نہیں ہونے دیں گے۔ ٹی ایم سی، کانگریس اور بایاں محاذ کے لوگ لکھ لیں کہ جب تک مودی زندہ ہیں وہ کچھ نہیں کر سکیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کانگریس۔ جے ایم ایم کو کاس کاک اور گ بھی معلوم نہیں ہے۔